شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

17 اپریل 2023ء

پریس ریلیز

لیلۃ القدر میں قائم ہونے والے پاکستان کی بقا اور سلامتی اسلام سے وابستہ ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): لیلۃ القدر میں قائم ہونے والے پاکستان کی بقا اور سلامتی اسلام سے وابستہ ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ 1940ء میں قراردادِ لاہور منظور ہونے کے بعد سات سال کے قلیل عرصہ میں پاکستان کا قائم ہو جانا یقیناً ایک معجزہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اِس معجزہ کی پشت پر پاکستان کا مطلب کیا: لا الہ الا اللہ کا پرجوش نعرہ تھا جس نے انگریز کی حاکمیت اور ہندو کی اکثریت کو شکستِ فاش سے دوچار کر دیا تھا۔ اِس معجزہ کا عملی ظہور اُس سال ستائیس رمضان المبارک کو ہوا جب متحدہ ہندوستان سے الگ، پاکستان کے قیام کا اعلان ہوا۔ کوئی ذی ہوش انسان اِس حقیقت کا انکار نہیں کر سکتا کہ ستائیس رمضان المبارک کی مبارک ساعتوں میں پاکستان کے قیام کا اعلان صرف اور صرف مشیتِ ایزدی کا ظہور تھا۔ بد قسمتی سے عوام اور حکمران دونوں قیامِ پاکستان کے بعد اپنے اصل ہدف سے دور ہوتے چلے گئے۔ افسوس صد افسوس کہ ہم دُنیوی نظاموں اور طرزِ حیات کی طرف کھنچتے چلے گئے اور ہماری منزل اسلام نہ رہی۔ جس سے دنیا میں بھی ذلیل و رسوا ہوئے اور اللہ رب العزت کی ناراضگی بھی مول لے لی۔ ہماری پون صدی کی تاریخ سیاست دانوں، اسٹیبلشمنٹ اور عدلیہ کے باہمی سر پھٹول کی افسوس ناک داستان ہے۔ بد قسمتی سے ایک دوسرے سے دست و گریبان ہونے کا یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ ایٹمی پاکستان اسلام کا قلعہ ہے اگر اسلامی نظام عملی طور پر نافذ نہ ہوا تو اِس قلعے میں شگاف پڑ جائے گا جس سے صرف پاکستان ہی نہیں سارے عالم اسلام کا وجود خطرے میں پڑ جائے گا۔ لہٰذا اسلامی نظام کے قیام کی جدوجہد نہ صرف ہماری اُخروی نجات کے لیے لازم ہے بلکہ دُنیوی بقا اور استحکام کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ آیئے! ماہِ رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی مبارک ساعتوں اور بالخصوص ستائیں رمضان المبارک کو اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں اور پاکستان میں شریعت محمدی ﷺ کے نفاذ کے لیے تن من دھن لگا دیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارا حامی و ناصر ہو۔ آمین!

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرو اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان